© rasailojaraid.com



ترجمے کے ۱۶ صفحے کے مقدمے میں مترجم نے تحریکاتِ اسلامی کی دلدل میں پھنسنے اور مقصد سے دُور ہو جانے پر تبصرہ کیا ہے، نیز تشریح کے ساتھ اپنے نوٹ بھی جگہ جگہ بڑھائے ہیں جن کے بغیر یہ کتاب زیادہ بہتر تھی۔ (مفصل تبصرہ: ترجمان القرآن، مئی ۲۰۰۵ء)۔]

◉ **الاسما الحسنٰی**، محمد الغزالی۔ ناشر: دعوہ اکیڈمی، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۷۴۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [۹۹ اسما الحسنٰی کا بیان مختصر تشریح کے ساتھ کہیں دو صفحے، کہیں ایک صفحے پر دو۔ مجموعی مطالعے سے اللہ تعالیٰ کی تمام صفات نظر سے گزر جاتی ہیں اور توحید کا تصور واضح ہو جاتا ہے۔]

◉ **فکر و نظر**، جولائی دسمبر ۲۰۰۸ء، خصوصی اشاعت، ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی۔ ادارہ تحقیقاتِ اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد۔ صفحات: ۴۰۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [ڈاکٹر ابوالخیر کشفی جامعہ کراچی میں اُردو کے پروفیسر تھے۔ انھوں نے اسلامی حوالے سے بہت کچھ لکھا ہے اور خدمات انجام دیں۔ ادارے نے ان پر یہ یادگار نمبر شائع کیا ہے۔ کشفی صاحب پر ۹ مقالے، ان کی تصانیف پر ۱۱ مقالے، ان کی منتخب ۹ نگارشات اور ان کے نام ۲۴ خطوط پر مشتمل یہ مجموعہ کشفی صاحب کے احباب کی طرف سے شایانِ شان ہدیہ ہے۔]

◉ **الایضاح**، مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر دوست محمد خاں۔ شمارہ ۱۷، شیخ زاید مرکز اسلامی، جامع پشاور، پشاور۔ صفحات: عربی: ۸۷، انگریزی: ۵۲، اُردو: ۱۴۷۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [ہماری جامعات میں علمی رسائل کے اجرا کی کوئی مضبوط روایت نہیں ہے۔ جامع پشاور کے شیخ زاید سنٹر کا انگریزی، عربی اور اُردو میں اہم اسلامی موضوعات پر مواد کا یہ مجموعہ خوش آیند ہے۔ اُردو حصے میں توہینِ رسالت، ضابطہ قسامت، نفاذ حجر، عصرِ حاضر اور اجماع جیسے موضوعات پر وقیع مضامین شاملِ اشاعت ہیں۔ انگریزی حصے میں صوبہ سرحد کے دو اضلاع کا خواتین کی تولیدی صحت کا جائزہ اسلامی پس منظر میں پیش کیا گیا ہے اور قیمتی معلومات دی گئی ہیں۔]

◉ **اپنے رب کو راضی کرنے کے طریقے**، عبدالعزیز الشفیع، ترجمہ: طارق نورالٰہی۔ ناشر: منشورات، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۷۲۔ قیمت: ۳۳ روپے۔ [رب کو راضی کرنا ہر ایک کا مسئلہ ہونا چاہیے۔ اس حوالے سے مصنف نے ۹ عنوانات مثلاً: دعا، توبہ و استغفار، ظلم سے اجتناب، صدقہ، شکرگزاری وغیرہ کے تحت عملی باتیں مؤثر انداز سے پیش کی ہیں۔ جو مطالعہ کرے گا ضرور فائدہ اٹھائے گا اور عمل کرے گا تو رب کو راضی کرے گا۔]

◉ **حفظ و تحفیظ قرآن کیسے؟**، قاری عبدالرزاق زاہد۔ ملنے کا پتا: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: ۳۰ روپے۔ [حفظ قرآن کے رجحان میں فروغ کے پیش نظر اساتذہ اور والدین اور طلبہ کی عملی رہنمائی کے لیے یہ کتابچہ مرتب کیا گیا ہے۔ حفظ قرآن کی فضیلت، حفظ کے اساتذہ کے اوصاف اور جدید اندازِ تدریس، درست تلاوتِ قرآن کے لیے تجوید کے مختصر قواعد، سبق یاد کرنے کا طریقہ، سبقی، پارہ اور منزل سننے کے مختلف طریقے، نیز طلبہ کے لیے نصائح اور مفید مشورے اور تجربات و مشاہدات بیان کیے گئے ہیں۔]

---

© rasailojaraid.com